## روسی سفیر ANDREY S, BUDNIK کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

## ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست صوبائی وزیر بھی موجود تھے

کراچی۔۔۔7،دسمبر2010ء

پاکستان میں متعین روسی سفیر Andrey S. Budnik نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، محترمہ نسرین جلیل اور حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔وفد میں کراچی میں متعین قونصل جنرل Andrey V Demidove، اتاشی Evgeny yalseev اور Pural Dzhavadov بھی ہمراہ تھے ۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور روس کے تعلقات کو بہتر بنانے ، باہمی تجارت کو فروغ دینے اور معاشی تعاون کی ضرورت پر زور دیا گیا، خطے کی ترقی اور استحکام کیلئے روس اور پاکستان کے تعلقات کو مزید مضبوط اور مستحکم بنانے پر اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی نے پاکستان میں فرسودہ نظام اور کرپٹ سیاسی کلچر کے خاتمے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے مطابق پاکستان میں سیاسی معاشی استحکام، ملکی بقاء وسلامتی کیلئے انتہاء پسندی اور دہشت گردی کے مکمل خاتمہ کی مکمل ضرورت پر زور دیا۔روسی سفیر Andrey S. Budnik نے ملک میں جمہوریت کے فروغ اور سیاسی استحکام کیلئے ایم کیوایم کے کردار کو سراہا۔اس سے قبل ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار دیگر اراکین رابطہ کمیٹی وحق پرست صوبائی وزیر کے ہمراہ روسی سفیر کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں خوش آمدید کہا۔آخر میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے روسی سفیر Andrey S. Budnik آندرے کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر پر منی کتاب ''پکٹوریل بائیوگرافی الطاف حسین'' پیش کی۔

☆☆☆☆☆